تعارف و تبصرہ کتب

(ادارہ)

اشتراکی نظریات او د ھغے جواب ؛ (پشتو)

تصنیف ۔ مولانا عبدالودود حقانی ۔ قیمت ۱۲ روپے ۔ صفحات ۱۶۸

پتہ :- دارالعلوم عربیہ گجرات ۔ ضلع مردان

اس وقت جب کہ پاکستان کے اردگرد منڈلانے والا سرخ سیلاب اور اس کی تباہ کن طوفانی موجیں اہل پاکستان کے لئے ہر گھڑی شدید خطرے، اور بیدار و چوکنا رہنے کا اعلامی سائرن ہیں۔

انسانی و اخلاقی قدروں کا دشمن " روس " صرف افغانستان پر قانع نہیں بلکہ وہ اس کو پاکستان کے لئے وسیلہ بلکہ خلیج عرب وجزیرۃ العرب تک کو قبضہ کرنے کا ذریعہ سمجھتا ہے۔

ان حالات کے پیش نظر ملت اسلامیہ کے ہر فرد کا یہ فرض ہے کہ غم آشیاں کے بجائے "چمن بچاؤ" کی تحریک برپا کر دیں ۔ اور کمیونسٹوں کی سفاکانہ فسطائیت اور شرمناک وحشت و بربریت کے خلاف تحریری و تقریری جہاد میں حصہ لیں۔

دارالعلوم حقانیہ کے فضلاء جہاں عملی طور پر، افغانستان میں روسی جارحیت کے خلاف برسرپیکار رہیں۔ وہاں تبلیغی، تقریری اور تحریری ضرورتوں کو بھی پورا کر رہے ہیں ۔ فللہ الحمد

دارالعلوم حقانیہ کے قابل فخر فاضل، مولانا عبدالودود حقانی نے بھی حضرت شیخ الحدیث دامت برکاتہم و حضرت مدیر" الحق" مدظلہ کی سرپرستی و رہنمائی میں علاقائی زبان پشتو میں زیر تبصرہ کتاب تصنیف فرما کر کمیونزم اور دہریت کے باطل افکار و نظریات کے خلاف ایک زبردست بند باندھ دیا ہے ۔ جس میں کمیونزم و دہریت کے باطل نظریات اور ملحدانہ عقائد کا خوب نوٹس لیا گیا ہے۔

کتاب کے شروع میں حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کی گراں قدر تقریظ بھی شامل ہے ۔ چونکہ کتاب اپنے موضوع پر جامع اور بے حد نافع ہے ۔ افادیت عامہ کے پیش نظر ہمیں توقع ہے کہ فاضل محترم اس کو جلد اردو و عربی کے قالب میں بھی ڈھال دیں گے ۔ تاکہ ملت اسلامیہ مکمل طور پر فائدہ اٹھا سکے۔